


www.pmex.com.pk | info@pmex.com.pk

Pakistan
Mercantile
Exchange
PMEX

## INTRODUCTION

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first demutualized and the only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Our stakeholders include leading financial institutions and stock exchanges of Pakistan. We offer a diverse range of domestic & international commodities and financial futures. Our infrastructure is based on sophisticated and state-of-the-art technology comparable to similar exchanges around the world that offer a complete range of services, i.e. trading, clearing & settlement, custodial and back office.

## WHY INVEST IN GOLD?

- Safe investment for investors of all ages and gender
- Generally less volatile as compared to other investment opportunities
- Most popular investment option in precious metals
- Provides a hedge against economic, political, social and currency risk
- To diversify investment portfolio
- Easily convertible into cash

## PMEX'S 'MILLI TOLA GOLD'

PMEX has exclusively designed 'Milli Tola Gold' for all income strata, with special emphasis on low income groups and savers, seeking a convenient, secure and trusted way to buy, sell and accumulate gold as savings. Milli Tola, as the name suggests, represents 1000th part of a Tola which can be bought in multiple of approx. Rs. 50*.

FEATURES

## SALIENT FEATURES

- **Start little:** Buy Gold with an amount as low as approx. Rs. 50*
- **Incentive:** Free of cost custody/Free insurance
- **Security:** Gold is kept in secure vaults
- **Convenience:** Hassle-free buying and selling of gold from anywhere with a single click
- **Liquid:** Easily encashable within 24 hours**
- **Physical delivery:** If required, you may withdraw gold from PMEX***
- **Monitoring:** SMS Alerts of all transactions are sent by PMEX
- **Purity:** Authentic 24 Karat Gold (99.90%)
- **Transparency:** Price is fair and efficient

## HOW TO INVEST?

Step 1: Log onto our website **www.pmex.com.pk** and download the list of brokers. Alternatively, you can call us at +92-21-111-623-623 and our customer support representative will guide you and provide the necessary information.

Step 2: Open an account with one of the brokers registered with PMEX.

Step 3: Deposit funds with your broker for purchasing gold.

Step 4: Place buy instruction to broker or alternatively request your broker for an ID and a password to enable you to trade at your own convenience from anywhere in the world through internet.

* Subject to prevailing price at the Exchange

** After execution of the sell order

*** After your investment becomes equivalent to 10 Tolas of Gold, you may request your broker for physical delivery

## FREQUENTLY ASKED QUESTIONS

- **What is PMEX ?**

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first demutualized and the only multi-commodity futures exchange regulated by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP).

- **Who owns PMEX?**

Pakistan Mercantile Exchange has an institutional shareholding structure which includes National Bank of Pakistan Ltd., Karachi Stock Exchange Ltd., Lahore Stock Exchange Ltd., Islamabad Stock Exchange Ltd., Pak Kuwait Investment Company (Pvt.) Ltd. and Zarai Taraqiati Bank Ltd.

- **Which commodities are listed on the exchange?**

Currently, various commodities are listed on PMEX like Gold, Silver, Crude Oil, International Cotton, IRRI-6 Rice, Palm Olein, Sugar, Wheat and KIBOR.

- **Who is the regulator of PMEX?**

PMEX is regulated by Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). You can rest assured that your investment at PMEX will always be safe and secure.

- **What is a Tola?**

Tola is a measure of unit used for precious metals such as Gold and Silver etc. One Tola is equivalent to 11.664 grams.

- **What is Milli Tola Gold?**

Milli Tola Gold is a new product launched by PMEX which, as the name suggests, represents 1000th part of a Tola.

- **What is the minimum amount required to purchase Milli Tola Gold?**

The minimum amount required to purchase Milli Tola Gold is approximately Rs. 50.

- **Why is the minimum investment Rs. 50?**

Each contract of PMEX's Milli Tola Gold represents 1000th part of a Tola Gold. The current prevailing price per Tola Gold at the Exchange is approximately Rs. 50,000. Thus, a single Milli Tola Gold contract is worth approximately Rs. 50. The price of the contract will change if the price of Tola Gold changes.

- **Where will my gold be stored?**

The gold will be stored in secured vaults under PMEX's supervision.

- **What Karat of Gold is available in Milli Tola Gold?**

24 Karat Gold is available in Milli Tola Gold.

- **Are there any charges for safe keeping my gold with PMEX?**

No! There are no additional charges for safe keeping of gold at PMEX.

- **How can I get physical delivery of gold?**

After your investment becomes equivalent to 10 Tolas of Gold, you may request your broker for physical delivery by initiating a withdrawal request. The gold would be available for delivery from our vaults located in Karachi within 5 working days.

- Who can invest in Milli Tola Gold?

Any person who has a NADRA issued Computerized National Identity Card and a bank account is eligible to invest in Milli Tola Gold.

- How do I start investing in Milli Tola Gold?

Step 1: Log onto our website **www.pmex.com.pk** and download the list of brokers. Alternatively, you can call us at +92-21-111-623-623 and our customer support representative will guide you and provide the necessary information.

Step 2: Open an account with one of the brokers registered with PMEX.

Step 3: Deposit funds with your broker for purchasing gold.

Step 4: Place buy instruction to broker or alternatively request your broker for an ID and a password to enable you to trade at your own convenience from anywhere in the world through internet.

- From where can I purchase or sell Milli Tola Gold?

You can buy and sell gold from anywhere through your PMEX registered broker.

- Can Non Resident Pakistanis invest in Milli Tola Gold?

Yes! Non Resident Pakistanis can indeed invest in Milli Tola Gold. The account opening and broker requirements will remain the same.

- How can I track my investments in gold?

You can track your investments by logging into your account through PMEX website by using the ID and password given to you by your broker. In case you don't have an ID and password, contact your broker to provide you with this information.

- Are there any other gold products offered by PMEX?

Yes! Besides Milli Tola Gold, we also offer gold in denominations of 1 ounce, 10 ounces, 100 ounces, 10 grams, 100 grams, 1 tola, 50 tolas, 100 tolas and 1 kilo.

## TALK TO US

Address: 9th Floor, PRC Towers, 32-A

Lalazar Drive, M.T. Khan Road, Karachi, Pakistan.

UAN: +92-21 111-623-623

Fax: +92-21 3561 1263

Email: info@pmex.com.pk

Web: www.pmex.com.pk




PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

www.pmex.com.pk | info@pmex.com.pk

## تعارف:

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ(PMEX) کوملک کے پہلے Demutualized اورمختلف اجناس کی خریدوفروخت کرنے والے واحد فیوچرز ایکسچینج ہونے کا اعزاز حاصل ہے جوسیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان(SECP) کی جانب سے لائسنس یافتہ اورمنظورشدہ ہے۔ پاکستان کے معروف مالیاتی ادارے اوراسٹاک ایکسچینج اس کے اسٹیک ہولڈرز ہیں۔ ہم مقامی اوربین الاقوامی اجناس اورمالیاتی فیوچرزکی وسیع رینج کی پیشکش کرتے ہیں۔ ہمارا بنیادی ڈھانچہ جدت اورٹیکنالوجی کاحسین شاہکار ہے،جس کا دنیا کے دیگر ایکسچینجز سے موازنہ کیا جاسکتا ہے جو خدمات کی مکمل رینج جیسا کہ ٹریڈنگ،کلیئرنگ اورسیٹلمنٹ،کسٹوڈیل اوربیک آفس کی پیشکش کرتے ہیں۔

## سونے میں سرمایہ کاری کیوں؟

- ہردوراورہرنسل کے سرمایہ کاروں کے لئے محفوظ سرمایہ کاری رہی ہے
- سرمایہ کاری کے دیگرمواقعوں کے مقابلے میں زیادہ مستحکم ہے
- قیمتی دھاتوں کی سرمایہ کاری میں زیادہ مقبول انتخاب ہے
- معاشی،سیاسی،سماجی اورافراط زرجیسے بحرانوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے
- سرمایہ کاری کے مواقعوں میں تنوع پیدا ہوتا ہے
- باآسانی نقدرقم میں تبدیل کیا جاسکتا ہے

## PMEX کا 'ملی تولہ گولڈ'

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کی جانب سے 'ملی تولہ گولڈ' مختلف طبقات خصوصاً کم آمدنی والے اورکفایت شعارافرادکوپیش نظر رکھتے ہوئے وضع کیا گیا ہے جو سہل،محفوظ اورباا عتماد طریقے سے سونے کی خریدوفروخت کے ذریعے بچت کرنا چاہتے ہیں۔ملی تولہ،جیسا کہ نام سے ظاہر ہے،تولے کے ہزارویں حصے کوظاہر کرتا ہے یعنی Rs.50* کی انتہائی قلیل رقم سے بھی سونا خریدا جاسکتا ہے۔

## نمایاں خصوصیات

- انتہائی قلیل سرمائے سے آغاز: Rs.50 جیسی انتہائی قلیل رقم سے سونا خریدا جاسکتا ہے *
- فوائد: بلامعاوضہ تحویل/مفت بیمہ
- حفاظت: سونے کو محفوظ تجوریوں میں رکھا جاتا ہے
- سہولت: ایک کلک کے ذریعے کہیں سے بھی سونے کی باآسانی خریدوفروخت کی جاسکتی ہے
- لیکویڈیٹی: فروخت کے 24 گھنٹوں کے اندر نقدرقم حاصل کی جاسکتی ہے**
- طبعی ترسیل: جب ضرورت ہو، آپ PMEX سے اپنا سونا نکلوا سکتے ہیں***
- نگرانی: PMEX کی جانب سے خریدوفروخت کے ایس ایم ایس بھیجے جاتے ہیں
- خالص پن: تصدیق شدہ 24 کیرٹ سونا (99.90%)
- شفافیت: مناسب اورموثر قیمت

## سرمایہ کاری کیسے کی جائے؟

**پہلاقدم:** ہماری ویب سائٹ www.pmex.com پر جائیں اور بروکرز کی لسٹ ڈاؤن لوڈ کرلیں۔متبادل کے طور پر آپ ہمیں 623-623-111-21-92+ پر کال کرسکتے ہیں جہاں ہمارے کسٹمر سپورٹ کے نمائندے آپ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوں گے۔

**دوسراقدم:** PMEX سے رجسٹرڈ کسی بھی بروکر کے پاس اپنا اکاؤنٹ کھولئے

**تیسراقدم:** گولڈ کی خریداری کے لئے اپنے بروکر کے پاس رقم جمع کرائیے

**چوتھاقدم:** خریداری سے متعلق ہدایات سے اپنے بروکر کو آگاہ کریں یا ID اور password کے اجراء کی درخواست کریں تا کہ آپ دنیا میں کسی بھی جگہ سے انٹرنیٹ کے ذریعے اپنی سہولت کے مطابق تجارت کرسکیں۔

*ایکسچینج کی مروجہ قیمتوں سے مشروط

**سیل آرڈر کے اجراء کے بعد

***آپ کی سرمایہ کاری 10 تولہ سونے کی مالیت کے برابر ہوجانے پر آپ اپنے بروکر سے اصل حالت میں سونا لے جانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔

## اکثر پوچھے گئے سوالات

- **PMEX کیا ہے؟**

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (PMEX) کو ملک کے پہلے Demutualized اور مختلف اجناس کی خرید وفروخت کرنے والے فیوچرز ایکسچینج ہونے کا اعزاز حاصل ہے جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے لائسنس یافتہ اور منظور شدہ ہے۔

- **PMEX کس کی ملکیت ہے؟**

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج ایک ایسا ادارہ ہے جس میں مختلف اداروں کے شیئرز ہیں۔ ان اداروں میں نیشنل بینک آف پاکستان لمیٹڈ، کراچی اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ، لاہور اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ، اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ، پاک کویت انویسٹمنٹ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ شامل ہیں۔

- **ایکسچینج میں کن اشیاء کی خرید وفروخت ہو رہی ہے؟**

اس وقت PMEX میں مختلف اشیاء جیسا کہ سونا، چاندی، خام تیل، بین الاقوامی کپاس، اری۔6 چاول، پام آئل، چینی، گندم اور KIBOR کی خرید وفروخت ہو رہی ہے۔

- **PMEX کس ادارے سے منظور شدہ ہے؟**

PMEX، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے منظور شدہ ہے۔ جہاں آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاسکتی ہے کہ PMEX میں آپ کا سرمایہ ہمیشہ باحفاظت اور محفوظ رہے گا۔

- **تولہ کیا ہے؟**

تولہ قیمتی دھاتوں مثلاً سونے اور چاندی کا وزن کرنے کی اکائی ہے۔ ایک تولہ 11.664 گرام کے برابر ہوتا ہے۔

- **ملی تولہ گولڈ کیا ہے؟**

ملی تولہ گولڈ PMEX کی جانب سے متعارف کرائی جانے والی نئی پروڈکٹ ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، تولے کا ہزارواں حصہ۔

- **ملی تولہ گولڈ خریدنے کے لئے کم از کم کتنی رقم درکار ہوتی ہے؟**

ملی تولہ گولڈ خریدنے کے لئے کم سے کم رقم Rs.50 درکار ہوتی ہے۔

- **کم از کم سرمایہ کاری Rs.50 کیوں ہے؟**

PMEX ملی تولہ گولڈ کا ہر کنٹریکٹ ایک تولہ گولڈ کے ہزارویں حصے کو ظاہر کرتا ہے۔ چونکہ اس وقت ایکسچینج میں فی تولہ سونے کی موجودہ قیمت تقریباً Rs.50,000 ہے لہٰذا ملی تولہ گولڈ کے ایک کنٹریکٹ کی رقم تقریباً Rs.50 بنتی ہے۔ ایک تولہ گولڈ کی قیمت میں ردوبدل کی صورت میں کنٹریکٹ کی رقم بھی تبدیل ہوجائے گی۔

- **میرا سونا کہاں رکھا جائے گا؟**

آپ کا سونا محفوظ ترین تجوریوں میں رکھا جائے گا جو PMEX کی تحویل میں ہوں گی۔

- **ملی تولہ گولڈ میں کتنے کیرٹ کا سونا دستیاب ہے؟**

ملی تولہ گولڈ میں 24 کیرٹ (99.90%) کا سونا دستیاب ہے۔

- **کیا PMEX کی تجوریوں میں سونا رکھنے کا کوئی معاوضہ دینا ہوگا؟**

جی نہیں! PMEX کی تجوری میں رکھے جانے والے آپ کے سونے کا اضافی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

- **میں سونا اصلی حالت میں کس طرح لے جاسکتا ہوں؟**

آپ کی سرمایہ کاری 10 تولہ گولڈ کی مالیت کے برابر ہوجانے پر آپ اپنے بروکر کو واپسی کی درخواست دینے پر سونا حاصل کرسکتے ہیں یہ سونا کراچی میں موجود ہماری تجوریوں میں ہفتے کے 5 کام والے دنوں میں ڈیلیوری کے لئے دستیاب ہوگا۔

- **ملی تولہ گولڈ میں کون سرمایہ کاری کرسکتا ہے؟**

کوئی بھی ایسا فرد ملی تولہ گولڈ میں سرمایہ کاری کا اہل ہے جو نادرا کی جانب سے جاری کردہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور بینک اکاؤنٹ کا حامل ہو۔

- میں ملی تولہ گولڈ میں سرمایہ کاری کا آغاز کس طرح کروں؟

**پہلا قدم:** ہماری ویب سائٹ www.pmex.com.pk پر جائیں اور بروکرز کی لسٹ ڈاؤن لوڈ کرلیں۔ متبادل کے طور پر آپ ہمیں 623-623-111-21-92+ پر کال کر سکتے ہیں جہاں ہمارے کسٹمر سپورٹ کے نمائندے آپ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوں گے۔

**دوسرا قدم:** PMEX سے رجسٹرڈ کسی بھی بروکر کے پاس اپنا اکاؤنٹ کھولئے

**تیسرا قدم:** گولڈ کی خریداری کے لئے اپنے بروکر کے پاس رقم جمع کرائیے

**چوتھا قدم:** خریداری سے متعلق ہدایات سے اپنے بروکر کو آگاہ کریں یا ID اور password کے اجراء کی درخواست کریں تا کہ آپ دنیا میں کسی بھی جگہ سے انٹرنیٹ کے ذریعے اپنی سہولت کے مطابق تجارت کر سکیں۔

- میں ملی تولہ گولڈ کی خرید و فروخت کہاں سے کر سکتا ہوں؟

آپ اپنے PMEX سے رجسٹرڈ بروکر کے ذریعے کسی بھی مقام سے گولڈ کی خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔

- کیا بیرون ملک مقیم پاکستانی ملی تولہ گولڈ میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں؟

جی ہاں! بیرون ملک مقیم پاکستانی ملی تولہ گولڈ میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ کھولنے اور بروکر سے متعلق شرائط ان کے لئے بھی وہی ہیں۔

- میں سونے میں کی جانے والی اپنی سرمایہ کاری کے بارے میں کس طرح باخبر رہ سکتا ہوں؟

آپ اپنے بروکر کی جانب سے دی جانے والی ID اور password کو استعمال کرتے ہوئے PMEX کی ویب سائٹ سے اپنے اکاؤنٹ پر log on ہو کر اپنی سرمایہ کاری کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ ID اور password نہ ہونے کی صورت میں اس کے حصول کے لئے اپنے بروکر سے رابطہ کریں۔

- کیا **PMEX** سونے کی دیگر پراڈکٹس پیش کرتا ہے؟

جی ہاں! ملی تولہ گولڈ کے علاوہ ہم سونے کو ایک اونس، 10 اونس، 100 اونس کے ساتھ ساتھ 10 گرام، 100 گرام، ایک تولہ، 50 تولہ، 100 تولہ اور ایک کلوگرام میں پیش کرتے ہیں۔

## ہم سے رابطہ کریں

**پتہ:** 9th فلور، پی آر سی ٹاورز، 32-A لالہ زار ڈرائیو
مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی، پاکستان

**یو اے این:** +92-21-111-623-623

**فیکس:** +92-21-35611263

**ای میل:** info@pmex.com.pk

**ویب سائٹ:** www.pmex.com.pk